حفاظتی ٹیکوں کی خدمات
ہیلدی اسکولز اینڈ کمیونٹیز(Healthy Schools & Communities)
accesshalton@halton.ca
311 یا 905-825-6000
ٹول فری:1-866-442-5866
ٹی ٹی وائی: 905-827-9833

# گریڈ 7 کے طلباء کے لیے معلومات
2024/2023 کا تعلیمی سال

گریڈ 7 کےطلباء کے عزیز والدین/سرپرست

ہالٹن ریجن پبلک ہیلتھ (Halton Region Public Health) گریڈ 7 کے طلباء کے لیے عوامی، نجی، کیتھولک اور فرانسیسی اسکولوں میں حفاظتی ٹیکہ جات کی کلینکس فراہم کرتی ہے۔

اکتوبر کے شروع سے لے کردسمبر، 2023 کے بیچ تک، اور دوبارہ اپریل سے جون، 2024 تک، گریڈ 7 کے ان اہل طلباء کو، جن کے پاس والد/والدہ کی رضامندی موجود ہے، صحت عامہ کی نرسیں مندرجہ ذیل ٹیکے فراہم کرنے کے لیے پورے ہالٹن میں اسکولوں کا دورہ کریں گی/ گے:

| اسکول کلینکس میں دستیاب ویکسین | ضرورت یا تجویز کردہ |
|---|---|
| مینجو کوگل کونجوگیٹ-Meningococcal -ACYW-135) Conjugate-ACYW-135) | اسکول میں حاضری کے لیے ضروری ہے (1 خوراک) |
| ہیومن پیپلوما وائرس-Human Papillomavirus – HPV) HPV) | تجویز کی جاتی ہے (2 خوراکیں 6 مہینے کے وقفے سے دی جائیں*) |
| ہیپاٹائٹس بی-Hepatitis B – HB) HB) | تجویز کی جاتی ہے (2 خوراکیں 6 مہینے کے وقفے سے دی جائیں*) |

-

*** اسکول کلینکس کی تاریخیں اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پلان کی جاتی ہیں کہ ویکسینز کی خوراکیں مناسب دوری میں دی جا سکیں۔**

**والدین/ سرپرستوں سے درخواست کی جاتی ہے کہ:**

1. ویکسین فیکٹ شیٹ (vaccine fact sheet) (جوکہ اردو، چینی، فرانسیسی، ہسپانوی، پنجابی، عربی، ہندی میں بھی دستیاب ہیں) اور اس خط کے پچھلے والے صفحے پر موجود اکثر پوچھے گئے سوالات (FAQs) کو پڑھیں۔

2. آپ اپنے بچے کو جو ویکسینز لگوانا چاہتی / چاہتے ہیں، ان کی نشاندہی کرتے ہوئے، حفاظتی ٹیکہ جات کے لیے رضامندی کا فارم (Immunization Consent Form) **پرنٹ کرنے، مکمل کرنے اور اس پر دستخط کرنے کے لیے**، **halton.ca/immunize** پر جائیں **یا** اس کو **مکمل کرنے اور اس پر دستخط کرنے** کے لیے اپنے بچے کے اسکول سے ایک پیپر ہارڈ کاپی مانگیں۔ **نوٹ کریں:** جن طلباء نے گریڈ 6 کے آخر(جون 2023) میں رضامندی کا فارم جمع کروایا تھا انہیں رضامندی کا ایک اور فارم مکمل کرنے اور اسے جمع کروانے کی ضرورت **نہیں ہے**۔ پبلک ہیلتھ کے پاس پہلے جمع کرائے گئے ان رضامندی کے فارمز کا ریکارڈ موجود ہے، جو کہ ویکسینز کی تمام ضروری خوراکوں کے لیے درست ہیں۔

3. تکمیل شدہ رضامندی کا فارم (Immunization Consent Form) اپنے بچے کے اسکول کے آفس میں **29 ستمبر، 2023 تک واپس** کریں۔ اسکول میں موجود کلینک کے دن صرف ان بچوں کو حفاظتی ٹیکے لگوائے جائیں گے، جن کے پاس دستخط شدہ رضامندی کے فارم ہیں۔

**اپنے بچے کے حفاظتی ٹیکوں کے ریکارڈ کو اپ ڈیٹ کریں:** ہو سکتا ہے کہ آپ کے بچے نے مندرجہ بالا ویکسینز میں سے ایک یا زیادہ ویکسینز پہلے ہی وصول کر لیے ہوں۔ ہر بار جب آپ کا بچہ اپنے صحت کی دیکھ بھال کنندہ سے حفاظتی ٹیکہ وصول کرے، آپ کو ہالٹن ریجن پبلک ہیلتھ (Halton Region Public Health)کو اپ ڈیٹ کرنا چاہیئے۔ آپ کے صحت کی دیکھ بھال کنندہ کا دفترآپ کے لیے ان کی اطلاع نہیں دیتا ہے۔ پبلک ہیلتھ کی/کے نرسیں آپ کے بچے کے حفاظتی ٹیکو ں کے ریکارڈ کا جائزہ لیں گی/گے اور ویکسین صرف تب ہی لگائیں گی/گے، جب کہ اس کی ضرورت ہو۔

حفاظتی ٹیکوں کی اطلاع کے لیے:

**halton.ca/immunize پر جائیں**

311 پر کال کریں

Halton Regional Centre, 1151 Bronte Road, Oakville, L6M 3L1

**حفاظتی ٹیکوں کی خدمات**
**ہیلدی اسکولز اینڈ کمیونٹیز(Healthy Schools & Communities)**
accesshalton@halton.ca
311 یا 905-825-6000
ٹول فری:1-866-442-5866
ٹی ٹی وائی: 905-827-9833

## اکثر پوچھے جانے والے سوالات

**یہ ویکسینز اس وقت کیوں پیش کی جا رہی ہیں؟**

یہ ویکسینز ہالٹن کے حفاظتی ٹیکوں کے باقاعدہ پروگرامنگ کے حصے کے طور پر معمولاً گریڈ 7 کے طلباء کو پیش کی جاتی ہیں۔ معمول کے مطابق تمام حفاظتی ٹیکوں کو مکمل کرنے سے آپ کو، آپ کے کنبے کو اور دیگر شہریوں کو بیماریوں سے تحفظ حاصل ہوتا ہے۔ اس کے ذریعے ان بیماریوں کو بھی روکا جا سکتا ہے، جوغیر ضروری طبی دوروں، ہسپتال میں داخلوں، اور صحت کی دیکھ بھال کے نظام پر مزید بوجھ کا باعث ہوتے ہیں۔

**اگر میں اپنے بچے کو یہ ویکسین نہیں لگوانا چاہوں، تو کیا ہوگا؟**

*امیونائزیشن آف اسکول پیوپلز ایکٹ(آئی ایس پی اے)(ISPA) (Immunization of School Pupils Act)* کے مطابق مینن‌جوکوکّل ACWY-135 (Meningococcal ACWY-135) ایک لازمی ویکسین ہے۔ اگر آپ اپنے بچے کو ویکسین نہ لگوانے کا انتخاب کرتی/ کرتے ہیں، تو آپ کواپنے بچے کے اسکول میں حاضری کو جاری رکھنے کے لیے بالآخر ہالٹن ریجن پبلک ہیلتھ (Halton Region Public Health) سے استثنیٰ حاصل کرنا ہو گا۔ اپ ڈیٹس کے لیے **halton.ca** پرہالٹن ریجن کی حفاظتی ٹیکوں کے لیے ویب پیجز (immunization web pages) کو چیک کریں۔

ہیومن پیپیلوما وائرس (Human papillomavirus) اور ہیپاٹائٹس بی (hepatitis B) *تجویز کردہ ویکسینز ہیں*، لیکن اسکول میں حاضری کے لیے قانونی طور پر ان کی ضرورت نہیں ہے اور ان کے لیے استثنیٰ کی ضرورت نہیں ہے۔

اگر آپ ویکسین لگوانے سے انکار کرتی/ کرتے ہیں اور جب کہ پہلے ہی اسکول کلینکس منعقد ہو چکی ہوں، تو پھر بھی بچے اپنے بنیادی صحت کی دیکھ بھال فراہم کرنے والوں کے ذریعے یا کمیونٹی کلینکس میں، یہ ویکسینز حاصل کر سکتے ہیں۔
ہیپاٹائٹس بی (Hepatitis B) اور HPV ویکسینز، بچے کے گریڈ 12 کی گریجویشن تک مفت ہیں۔ مزید جاننے کے لیے **halton.ca/immunize** پر جائیں یا 311 پر کال کریں۔

**اگر میرے بچے سے ہیپاٹائٹس بی (Hepatitis B) یا HPV کی دوسری خوراک چھوٹ جاتی ہے، تو کیا ہوگا؟**

طلباء پھربھی دوبارہ سے ویکسین کی سیریز شروع کیے بغیر، ہیپاٹائٹس بی (Hepatitis B) اور HPV دونوں کی کی دوسری خوراکوں کو مکمل کر سکتے ہیں۔ تجویز کی جاتی ہے کہ دوسری خوراک، پہلی خوراک سے کم از کم چھے ماہ کے وقفے سے لگوائی جائے، تاہم ویکسین کی خوراکوں کے درمیان تجویز کردہ وقفے سے اگر زیادہ وقت گزر جائے، تب بھی برابر کی قوت مدافعت کی فراہمی ہو گی۔

**ایک ہی وقت میں ایک سے زیادہ ویکسین لگوانا محفوظ ہے؟**

جی ہاں۔ کئی سالوں سے یہ ویکسینز، معمول کی دوسری بچپن میں دی گئی ویکسینز کے ساتھ اکٹھے پیش کی جاتی رہی ہیں۔ بیک وقت ایک سے زیادہ ویکسینز اس بات کی یقین دہانی کرتی ہے کہ طلباء کو سنجیدہ بیماریوں سے جلد بہترین تحفظ حاصل ہو، نہ کہ دیر سے۔

**کیا ان ویکسینز کو حاصل کرنے کے لیے میرے بچے کو دوسری ویکسین (مثلاً کووڈ-19(COVID-19) ، فلو) لگوانے کے بعد انتظار کرنے کی ضرورت ہے؟**

بچے یہ اسکول پر مبنی ویکسینز دیگر ویکسینز، بشمول کووڈ-19(COVID-19) اور فلو ویکسینز لگوانے کے بعد یا پہلے، جب کبھی بھی لگوا سکتے ہیں۔

**کیا ان اسکول کلینکس میں کووڈ-19(COVID-19) اور/یا فلو ویکسینز بھی دستیاب ہوں گی؟**
**جی نہیں۔** جو طلباء کووڈ-19(COVID-19) اور/یا فلو ویکسین حاصل کرنا چاہتے ہیں، وہ **halton.ca/immunize** پر جا کر معلوم کر سکتے ہیں کہ یہ کہاں حاصل کی جا سکتی ہے۔

**مزید اکثر پوچھے جانے والے سوالات اور معلومات کے لیے halton.ca/immunize پر جائیں۔**